**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD**

**6th Cross, Malleshwaram, Bangaluru-560 003**

**Multiple Choice Question Based Model Question Paper**

**2020-21**

**PAPER-02**

**Subject : Third Language Urdu**

**Code No: 66U**

**Time: 3 Hours**

**Total No. of Questions: 40 + 40 + 40 = 120**

**Max. Marks: 40 + 40 + 40 = 120**

---

درج ذیل ہر معروضی سوال/ نامکمل جملے کے لئے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں ۔صحیح جواب کا انتخاب کرلیں ۔ پھر آپ کوفراہم کئے گئے OMR پرچے میں موجود مساوی نمبر کے سامنے والے دائرے پر سیاہ/ نیلے قلم کی مدد سے صحیح متبادل جواب کے دائرے میں رنگ بھریئے ۔

**40X1=40**

81. ''حمد'' اُس صنفِ نظم کو کہتے ہیں، جس میں

A. حضورِ اکرم ﷺ کی تعریف ہوتی ہے۔
B. خالقِ کائنات کی ثناپیش کی جاتی ہے۔
C. عورتوں سے گفتگو کی جاتی ہے۔
D. اولیاءکرام کی کرامتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

82. اے ساری دنیا کے مالک

درجِ بالا مصرعہ کے بعد یہ مصرعہ آتا ہے۔

A. دکھ میں سہارا دینے والے
B. آنکھ سے اوجھل دل کے اُجالے
C. جُوت ہے تیری جل اور تھل میں
D. راجا اور پرجا کے مالک

83. اِن میں غلط اضداد کی جوڑی ہے۔

A. دکھ X درد
B. پاس X دُور
C. اندھیرا X اُجالا
D. جاگنا X سونا

84. ''شفیع الامم'' سے مُراد ہیں۔

A. حضرت آدمؑ
B. حضرت ابراہیمؑ
C. حضورِ اکرم ﷺ
D. حضرت اسرافیلؑ

85. ''سدرۃ المنتہیٰ'' کا مطلب ہے۔

A. کوہِ طور جہاں پر حضرت موسیٰؑ نے اللہ کا جلوہ دیکھا تھا۔

B. دنیا کا وہ حصّہ جہاں حضرت آدمؑ سب سے پہلے پہنچے تھے۔

C. عرش پر حضرت جبرئیلؑ کا آخری مقام۔

D. غارِ حرا جہاں حضور اکرم ﷺ کو وحی نازل ہوئی تھی۔

86. درجِ ذیل میں صحیح قافیوں کی جوڑی ہے۔

A. عرش، بریں

B. ثنائے، رضائے

C. صدا، آواز

D. خُلد، عالَم

87. حضرت عائشہ صدیقہؓ کے والد ماجد تھے۔

A. حضرت علی مرتضیٰؓ

B. حضرت عثمان غنیؓ

C. حضرت عمر فاروقؓ

D. حضرت ابوبکر صدیقؓ

88. حضرت عائشہ صدیقہؓ کی کنیت ہے۔

A. اُمِ کلثوم

B. اُمِ عبداللہ

C. اُمِ قاسم

D. اُمِ ابراھیم

89. حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے کی دیواریں اِس شئے سے بنی تھیں۔

A. سونا

B. چاندی

C. پتھر

D. مٹی

90. وہ کلمہ، جو خود معنی دیتا ہے۔

A. مستقل کلمہ

B. غیر مستقل کلمہ

C. حروفِ تہجی

D. حروفِ علت

91. موت کا ایک دن معین ہے      نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

غالبؔ کی غزل کے اِس شعر میں خط کشیدہ لفظ ''معین'' کے معنی ہیں۔

A. چھٹکارہ

B. غنیمت

C. مقرر

D. تکلیف

92. ''غصّہ ہونا'' کے معنی دینے والا محاورہ ہے۔

A. پارہ چڑھنا

B. دل بجھ جانا

C. آنکھیں چمک اُٹھنا

D. شیدا ہونا

93. دھوبی کے ساتھ یہ حادثہ پیش آیا۔

A. دھوبی کا گدھا مر گیا تھا۔
B. دھوبی ندی میں بہہ گیا تھا۔
C. دھوبی کو مگر مچھ نے کھا لیا تھا۔
D. دھوبی کا مچھیرے کے ساتھ جھگڑا ہو گیا تھا۔

94. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

یہ جملہ کس نے کہا؟

A. پہلا کلرک
B. دوسرا کلرک
C. رامو
D. اینگلو انڈین کلرک

95. ''بوعلی سینا'' کا اصل نام تھا۔

A. شیخ عمر عبداللہ بن علی سینا
B. شیخ خیام عبداللہ بن علی سینا
C. شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا
D. شیخ مختار عبداللہ بن علی سینا

96. وہ سال جس میں 366 دن ہوتے ہیں، کہلاتا ہے۔

A. عام الفیل
B. لیپ سال
C. شمسی سال
D. قمری سال

97. یہ ایک ماہر ریاضی دان تھے۔

A. عمر خیام
B. حکیم لقمان
C. بوعلی سینا
D. جابر بن حیان

98. ''الجبرا مسلمانوں ہی کی ایجاد ہے۔''

اس جملے میں ''حرفِ تخصیص ہے۔

A. الجبرا
B. مسلمانوں
C. ہی
D. ہے

99. نظم ''پیغامِ یکجہتی'' کے تخلیق کار ہیں۔

A. مولانا حالیؔ
B. سید احمد شاکرؔ
C. مرزا غالبؔ
D. اکبرؔ الہ بادی

100. نظم ''پیغامِ یکجہتی'' کا یہ پیغام ہے۔

A. تعصب، کدورت اور نفرت
B. سنجیدگی، رنج اور غم
C. امن، اتحاد اور اتفاق
D. عداوت، ناکامی اور ذلت

101. ''مُلک'' کی جمع ہے۔

A. مالک
B. اِملاک
C. ملائک
D. ممالک

102. رنج یا غم کے اظہار کے لئے استعمال کئے جانے والے حروفِ فجائیہ ہیں۔

A. مرحبا، کیا خوب
B. ارے، یہ کیا
C. اہاہا، شاباش
D. آہ، افسوس

103. مضمون کا پہلا حصّہ ہے۔

A. تمہید
B. نفسِ مضمون
C. اختتام
D. خاتمہ

104. انہیں ''معمارِ میسور'' کہا جاتا ہے۔

A. سرایم وشویشوریّا
B. حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ
C. سرمرزا اسماعیل
D. سری کرشنا راج وڈیر بہادر

105. کرشنا راج ساگر بندھ کا سنگِ بنیاد رکھنے والے۔

A. نواب حیدر علی خان بہادر
B. سرمرزا اسماعیل
C. سری کرشنا راج وڈیر بہادؔر
D. حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ

106. مصنف نے انہیں ہانگ کانگ کی رونق کا سبب بتایا ہے۔

A. وہاں کے باشندے
B. وہاں آنے والے سیّاح
C. وہاں کے سیاست دان
D. وہاں کی پولس

107. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔''

مصنف سے یہ جملہ کس نے کہا؟

A. مسز آسانو
B. مس کسوساما
C. مس پرینا
D. مسز تبائمو

108. والدین، رشتہ دار یا دوستوں کے نام لکھے جانے والے خط کہلاتے ہیں۔

A. کاروباری خط
B. نجی خط
C. دفتری خط
D. سرکاری خط

109. ''بیت الغزل'' سے مُراد ہے۔

A. غزل کا پہلا شعر
B. غزل کا آخری شعر
C. غزل کا سب سے اچھا شعر
D. غزل کا ناپسندیدہ شعر

110. مولانا محمد علی جوہر کا لقب ہے۔

A. قائدِ اعظم
B. حکیم الامت
C. مرزا نوشہ
D. رئیس الاحرار

111. مولانا محمد علی جوہر کے انگریزی اخبار کا نام ہے۔

A. کامریڈ
B. ملّی گزٹ
C. ہمدرد
D. ایشین ایج

112. '' فرحین ذہین لڑکی ہے۔'' اس جملے میں '' مسندالیہ '' ہے۔

A. فرحین
B. ذہین
C. لڑکی
D. ہے

113. اِن میں ''مونث'' لفظ ہے۔

A. ذخیرہ
B. مگرمچھ
C. نفع اور نقصان
D. مسکراہٹ

114. لفظ ''شاہ'' کی ضد ہے۔

A. ملکہ
B. گدا
C. وزیر
D. بادشاہ

115. پتھر مجھے کہتا ہے مرا چاہنے والا

اس کا دوسرا مصرعہ ہے۔

A. میں موم ہوں، اس نے مجھے چُھو کر نہیں دیکھا

B. تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

C. کشتی کے مسافر نے سمندر نہیں دیکھا

D. پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

116. سلیمان خطیب کی چال تھی۔

A. فاتحانہ

B. دلربانہ

C. تن دانانا

D. مستانہ

117. وہ شہر جہاں سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم ہوئی۔

A. کلکتہ

B. میدک

C. پنجاب

D. بنگلور

118. رباعی کا یہ مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔

A. پہلا

B. دوسرا

C. تیسرا

D. چوتھا

119. عطؔا کلیانوی اپنی رباعی میں خاموش رہنے کی تاکید کر رہے ہیں، کیونکہ

A. طبعیت ناساز ہے۔

B. تعلق ناساز ہے۔

C. موسم ناساز ہے۔

D. ماحول ناساز ہے۔

120. انگریزی لفظ Department (ڈپارٹمنٹ) کا اُردو ترجمہ ہے۔

A. محکمہ/شعبہ

B. عمارت/منزل

C. عہدہ دار/افسر

D. کشادہ/وسیع

☆☆☆☆☆